NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

عزیز اہلِ خانہ،

میں آپ اور آپکے بچوں کے لیے ہماری عہد بستگی کی مکرر تصدیق کے لیے آپ سے رابطہ کررہی ہوں۔ برائے مہربانی آگاہ ہوں کہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) ہر طالب علم کے پبلک اسکول میں شرکت کرنے کے حق کا تحفظ کرنے کا پابند عہد ہے، نقل وطنی، قومی نژاد، یا مذہب سے قطع نظر۔ ہماری پالیسیاں وہی رہیں گی، اور میں آپکی حوصلہ افزائی کرونگی کہ اپنے بچوں کو اسکول بھیجنا جاری رکھیں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہونگے، NYCPS خاندانوں کی نقل وطنی یا پناہ گزین کی صورت حال کی نہ تو درخواست کرتا ہے اور نہ ہی کھوج لگاتا ہے۔ طلباء، اسکول کی عمارتوں، یا ریکارڈز تک رسائی غیر مقامی قانون نافذ کرنے والوں کو صرف اس صورت میں فراہم کی جائے گی جب قانونی طور پر مطلوب ہو، اور صرف نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے وکیلوں سے مشاورت کے بعد۔ اگر یو ایس امیگریشن اینڈ کسٹم انفورسمنٹ یا دیگر غیرمقامی قانون نافذ کرنے والی ایجنسی اسکول کی عمارت میں داخل ہونے کی کوشش کرتی ہے یا معلومات مانگتی ہے، ہمارے اسکول کے عملے کو معلوم ہے کہ ہمارے وکیلوں سے رابطہ کیا جائے۔

جنوری سے، ہم نے ہزاروں عملے کے ممبران — بشمول پرنسپل، والدین رابطہ کار، اسکول حفاظتی ایجنٹ، رہنما مشیر، سماجی کارکن اور مزید کو ہماری پالیسی اور طریق کار کے بارے میں تربیت دی ہے۔ ہم یہ یقینی بنانا جاری رکھیں گے کہ ہمارا عملہ باخبر اور تیار ہے۔ ہم برادری کے شراکت داروں کے ساتھ خاندانوں کو متعدد زبانوں میں "اپنے حقوق جانیں" کے تربیتی سیشنز فراہم کرنے پر بھی کام کررہے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں:
schools.nyc.gov/ProjectOpenArms وفاقی پالیسیوں کے بارے میں سوالات کے لیے خاندان میئر کا دفتر برائے نقل وطنی امور (MOIA) کی قانونی معاونت ہاٹ لائن 1-800-354-0365 پر بھی کال کرسکتے ہیں۔

ہم حسبِ ضرورت اپنے خاندانوں اور اسکول برادری کو جدید خبریں دیتے رہیں گے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ NYCPS کی جانب سے اہم خبریں موصول کریں، برائے مہربانی اپنے این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ (schools.nyc.gov/NYCSA) کو فعال کرنا یقینی بنائیں اور یہ کہ آپکی رابطہ معلومات جدید ہیں۔ آپ اپنی تجدید کردہ رابطہ معلومات کو اپنے بچے کے اسکول سے بھی شیئر کرسکتے ہیں۔

میں جانتی ہوں کہ یہ کتنا اہم ہے کہ ہمارے اسکول ہمارے بچوں کے لیے محفوظ جگہیں ہوں؛ جب میں نوعمر تھی تو اسکول میرے لیے محفوظ جگہ تھا۔ NYCPS میں تنوع ہماری سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک ہے، اور میں ایک ایسی برادری قائم رکھنے کے لیے پُرعزم ہوں جہاں تمام طلبا سیکھ سکیں اور نشو ونما پا سکیں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

T-38219 (Urdu)